نہ بدلوں خاکِ درِ بُوتراب کے بدلے

جو تو مزاج کو انگورِ ناب کے بدلے
تو شیرہ طاق سے ٹپکے شراب کے بدلے

ہو تیرے حکم سے دن رات، رات دن ہووے
طلوع شب کو ہو خور ماہتاب کے بدلے

تیرے عدو کو صلوۃ و صیام و حج میں مدام
عذاب ہوتا ہے اُلٹا ثواب کے بدلے

دہن ہے معدنِ یاقوت سرخیِ لب سے
تو دانت رشکِ گہر آب و تاب کے بدلے

جو فی المثل رخِ انور ہے نیّرِ اعظم
تو ہیں محاسنِ اقدس سحاب کے بدلے

نہ دیویں ہم تو تیرے کفش کا ستارہ بھی
جو لیوے ہم سے فلک آفتاب کے بدلے

جو ہووے رستمِ دستاں تیرے مقابل تو
رنگے لہو سے وہ داڑھی خضاب کے بدلے

ہمارے کاتبِ اعمال صبح و شام مدام
بیاضِ مدح میں لکھیں حساب کے بدلے

پسند جسکو ترے پیرہن کی خوشبو ہے
نہ بدلے تیرا پسینہ گلاب کے بدلے

کریں گے ہم سے نکیرین جو سوالِ عمل
تو نام لیں گے تمہارا جواب کے بدلے

تیرے کلام نصیحت کے گوہرِ شہوار
ہیں دل کے درج میں درِّ خوش آب کے بدلے

اگرچہ بدلے کوئی ہم سے نسخۂ اکسیر
نہ بدلوں خاکِ درِ بوتراب کے بدلے

غمِ حسین میں رو لو کہ چشمۂ کوثر
ملے گا حشر میں چشمِ ترآب کے بدلے

نگاہ جمتی نہیں مثلِ مہر رخ پہ ترے
ہے پردہ نور کا حائل حجاب کے بدلے

نہ آبرو ہو جہاں میں بشر کو ہیچ ہے ور
جہاں میں قدر ہے موتی کی آب کے بدلے

کئے ہیں گرچہ سراسر گناہ احمدؔ نے
الٰہی کیجیو رحمت عذاب کے بدلے

﴿ ١٦ ﴾

انگورناب	وہ انگور جہ ماسي شراب بناواما اُوے چھے ، اھنا مزاج نے بدلي دے تو اھما سي شراب نا بدلہ مادودھ ٹپکے
شِیر	دودھ
طاق	انگور نا ویلا
خور	سورج
ماہتاب	چاند
کفش	جوتي
دستان	رستم نا باوا ژال نو لقب
مدام	مسلسل
بیاضِ مدح	اشعار لکھوا ني کتاب

گوہرِ شہوار	نمايا قيمتي موتي
درج	صندوق
درِ خوش آب	اُبدار قيمتي موتي
چشمِ تراب	اُنسو سي تربتر اُنکھ
نگاہ جمتی نہیں......	جه مثل سورج پر اُنکھ جمتي نتهي يه مثل اُپ نا چهره پر نظرتهہرتي نتهي نور نو پرده اُر کرے چهے
حائِل	اُڑ کرنار